کو اپنے مرشد سے رہے گی

الفرقان لکھنؤ کا دوسرا انتخاب نمبر مرتبہ مولانا محمد منظور نعمانی، ضخامت ۱۹۶ صفحات، کتابت وطباعت اعلیٰ، قیمت: پانچ روپیہ، پتہ: دفتر الفرقان، نمبر ۳۱، مغربی گاؤں، لکھنؤ۔

اس ماہانہ کے پہلے انتخاب نمبر پر ان صفحات میں تبصرہ ہو چکا ہے۔ یہ اسی سلسلہ کا دوسرا نمبر ہے جو دس برس (۱۹۴۸ء سے تا ۱۹۵۸ء) کے منتخب مضامین پر مشتمل ہے، پورا نمبر ۶ ابواب پر تقسیم ہے جو یہ ہیں: (۱) دعوت ایمان واصلاح، (۲) پیام انسانیت، (۳) اسلامی دنیا میں تجدد و الحاد کے اثرات، (۴) صراط مستقیم، (۵) حکمت وموعظت، (۶) مردان حق آگاہ۔ ان ابواب کے ماتحت جو مضامین درج ہیں ان کی تعداد ۲۳ ہے، سب مضامین مفید اور سبق آموز ہیں، ان کا مطالعہ عام مسلمانوں کے لئے دلچسپ بھی ہوگا اور دینی شعور پیدا کرنے کا ذریعہ بھی۔

الفرقان کے انتخاب کا انگریزی اڈیشن دو جلد مرتبہ مولانا عتیق الرحمن سنبھلی و ڈاکٹر محمد آصف قدوائی، ضخامت جلد اول ۱۴۰ صفحات قیمت -/۵ و ضخامت جلد ثانی ضخامت ۱۱۰ صفحات 5/50، طباعت بہتر، ٹائپ جلی اور روشن۔ پتہ: دفتر الفرقان نمبر ۳۱۔ مغربی گاؤں، لکھنؤ۔

یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ مولانا محمد منظور نعمانی نے الفرقان کے منتخب مضامین کے انگریزی تراجم کا بھی سلسلہ الفرقان ڈائجسٹ کے نام سے شروع کر دیا ہے اور اس کام کے لئے ڈاکٹر محمد آصف قدوائی کی خدمات حاصل کی ہیں جن کی انگریزی زبان کو خود انگریزوں میں سند اعتبار حاصل ہے، ہمیں اس وقت تک تبصرہ کے لئے یہی دو حصے موصول ہوئے۔ پہلے حصہ میں انیس اور دوسرے حصہ میں تیرہ مضامین (جن میں ایک مضمون "انسان قرآن میں" اڈیٹر برہان کا بھی ہے) شامل ہیں، سب مضامین دینی اور اصلاحی اعتبار سے بہت مفید دلچسپ اور معلومات افزا ہیں، امید ہے کہ یہ مفید سلسلہ جاری رہے گا اور انگریزی داں مسلمان خصوصاً نوجوان طبقہ اس کے مطالعہ سے شادکام ہوں گے۔